خودکش حملہ آور اسلام آباد میں موجود ہیں، الطاف حسین

شہریوں کے تحفظ کیلئے صدر، وزیراعظم اور مشیر داخلہ کے اقدام قابل تعریف ہیں

لندن ۔۔۔24، مارچ 2009ء ۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اسلام آباد میں اسپیشل برانچ کے دفتر پر خودکش حملہ کے واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ خودکش حملہ آور اسلام آباد میں موجود ہیں ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مشیر داخلہ رحمان ملک نے فلور پر یہ بیان دیا تھا کہ لانگ مارچ کے دوران سینئر رہنماؤں پر خودکش حملہ کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں تاہم ان کے اس بیان کا سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے سنجیدگی سے نوٹس نہیں لیا گیا ۔انہوں نے کہا کہ 16 مارچ کے بعد اور گزشتہ روز اسلام آباد میں ہونے والے خودکش حملوں کے واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ خودکش حملہ آور اسلام آباد میں موجود ہیں تاہم حکومت کے حفاظتی اقدامات کے باعث بہت سی قیمتی جانیں ضائع ہونے سے بچ گئیں جس پر صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور مشیر داخلہ رحمان ملک زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے پولیس اہلکار کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے جدوجہد کررہی ہے، پی پی او سی

فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو ختم کئے بغیر پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن نہیں کیا جاسکتا

سائٹ ٹاؤن میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان کی تربیتی نشستوں سے خطاب

کراچی ۔۔۔24، مارچ 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام سائٹ ٹاؤن کی یوسی 7،8 اور 9 میں کارکنان کی تربیتی نشستوں کا انعقاد کیا گیا جن میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔تربیتی نشستوں سے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شاہد اقبال، اراکین اشرف اورکزئی اور محمد الیاس نے خطاب کیا ۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور جب تک فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں کیا جائے گا پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن نہیں کیا جاسکتا ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ایک سیاسی رہنما ہی نہیں بلکہ ایک دانشور اور مصلح بھی ہیں جو اپنے کارکنان کی اخلاقی تربیت کرکے انہیں دکھی انسانیت کی خدمت کا درس دے رہے ہیں ۔انہوں نے تمام کارکنان پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، تنظیمی لٹریچر کا باقاعدگی سے مطالعہ کریں اور خود کو معاشرتی برائیوں سے دور رکھیں ۔

ایم کیوایم لیاقت آباد اور لانڈھی سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت ۔

کراچی ۔۔۔24، مارچ 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 164 کے کارکن نور خان کے والد نور احمد، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے جوائنٹ یونٹ انچارج عبدالقیوم کی اہلیہ محترمہ شکیلہ عبدالقیوم اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن مدثر حسین کی ہمشیرہ محترمہ جبین محمود کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

☆☆☆☆☆